ماڈل بنا کر بیگم کو جب تو ساتھ لے جاتا ہے ـــــ کوئی پوچھے بے غیرت! کسے دکھانے جاتا ہے؟
کاریں اس لیے پردہ کرایا نہیں جاتا ـــــ سر پر بوجھ دوپٹے کا اٹھایا نہیں جاتا!

توجہ فرمائیں

۱۔ یہ تحریر خود پڑھیں، دوستوں اور گھر والوں کو پڑھائیں۔
۲۔ فحاشی و عریانی کے خلاف کام کرنے والی تنظیمیں رابطہ کریں۔
۳۔ صحافت اور معاشرے میں فحاشی و عریانی کے خاتمے کے مشن کو آگے بڑھانے کے لیے اسلام آباد سے بہت جلد ہفت روزہ "تحریک" شائع کیا جا رہا ہے۔
۴۔ علمائے خطباء فحاشی و عریانی کو ہدف بنائیں ـــــ شعراء نظمیں لکھیں۔

شکریہ!

شعر و ادب

مولانا عبدالرحمٰن عاجز

نعت

ہر اک لب پہ ہے گفتگوئے محمدؐ
ہر اک دل میں ہے آرزوئے محمدؐ

دو عالم ہیں شامل اسیروں میں جن کے
وہ ہیں گیسوئے مشکبوئے محمدؐ

فرشتوں میں پائی نہ انساں میں دیکھی
جہاں سے نرالی ہے خوئے محمدؐ

یہ دل چاہتا ہے وہ لب چوم لوں میں
کہ جس لب پہ ہو گفتگوئے محمدؐ

برسنے لگی مجھ پہ رحمت خدا کی
چلا جھوم کر جب میں سوئے محمدؐ

مسلمان سب کٹ مریں، غم نہیں ہے
نہ جائے مگر آبروئے محمدؐ

ہو میدانِ محشر کہ فردوسِ اعلیٰ
رہوں ہر گھڑی روبروئے محمدؐ

ہو مسکن مرا یا الٰہی مدینہ
ہو مدفن مرا خاکِ کوئے محمدؐ

خدا کی قسم شک نہیں اس میں عاجزؔ
رہِ خلد ہے، راہِ کوئے محمدؐ